روزنامہ ایکسپریس

منگل 7 رجب المرجب 1441ھ 3 مارچ 2020ء

# نیشنل بینک آف پاکستان

## اطلاع برائے اکہترواں سالانہ اجلاسِ عام

اطلاع دی جاتی ہے کہ نیشنل بینک آف پاکستان کا 71واں سالانہ اجلاس عام ("AGM") مورخہ 24 مارچ 2020 بروز منگل (پاکستان کے معیاری وقت کے مطابق) صبح 10:30 بجے کرسٹل بال روم، میریٹ ہوٹل، کراچی میں منعقد ہوگا۔ اجلاس میں درج ذیل امور سرانجام دیئے جائیں گے۔

### عمومی کاروائی:

1۔ 28 مارچ 2019 کو کراچی میں منعقدہ شیئر ہولڈرز کے سالانہ اجلاس عام کی کاروائی کی توثیق۔

2۔ 31 دسمبر 2019 کو ختم ہونے والے سال کے لئے نیشنل بینک آف پاکستان کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں اور نیشنل بینک آف پاکستان اور اس کے ذیلی اداروں کے مجتمع اکاؤنٹس مع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، ان پر غور اور منظوری۔

3۔ 31 دسمبر 2020 کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضوں کا تعین، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے میسرز گرانٹ تھورنٹن انجم رحمان چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس اور میسرز ڈیلیئٹ یوسف عادل چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی 31 دسمبر 2020 کو ختم ہونے والے سال کے لئے بینک کے آڈیٹرز کے طور پر ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز کو دی جانے والی فیس پر ہی دوبارہ تقرری کی سفارش کی ہے۔

### خصوصی کاروائی:

4۔ بینک کے نان ایگزیکٹو چیئرمین کے معاوضے کی منظوری دینا۔

5۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی دیگر معاملے پر کاروائی۔

کراچی

تاریخ: 03 مارچ 2020

بحکم بورڈ

ایس ایم علی ضامن

سیکرٹری (بورڈ)

### نوٹس:

(i) بینک کی شیئر ٹرانسفر بکس 17 مارچ 2020 سے 24 مارچ 2020 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ تاہم بینک کے رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99 بلاک "B"، SMCHS، مین شارع فیصل، کراچی - 74400 کو مورخہ 16 مارچ 2020 تک کاروباری اوقات ختم ہونے سے پہلے وصول ہونے والے ٹرانسفرز کو اجلاس میں شرکت کے استحقاق کے سلسلے میں بروقت تصور کیا جائے گا۔

(ii) سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل کوئی بھی رکن کسی دوسرے رکن کو شریک ہونے اور ووٹ دینے کے لئے اپنا نمائندہ مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ حکومت پاکستان، اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور کارپوریشن (ز) جو بینک کے رکن ہیں مختارنامہ یا بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا حکومت پاکستان کے معاملے میں تحریری احکام کے تحت کسی بھی شخص کو سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لئے نامزد کرسکتے ہیں۔ نمائندگی اور نامزدگی بینک کے رجسٹرار/ ٹرانسفر ایجنٹ کے دفتر میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ سی ڈی سی ہاؤس B-99، بلاک "B"، SMCHS مین شارع فیصل، کراچی - 74400 کو سالانہ اجلاس عام کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے وصول ہوجانی چاہئیں۔

(iii) مزید برآں سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر 1 مجریہ 26 جنوری 2000ء کی درج ذیل ہدایات کی پیروی کرنا ہوگی:

(الف) میٹنگ میں شرکت کے لئے:

- انفرادی حیثیت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر کو اجلاس میں شرکت کے وقت شناخت کی تصدیق کے لئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔
- کاروباری ادارے کی صورت میں میٹنگ کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی مصدقہ قرارداد/ مختارنامہ نامزد کردہ شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ (اگر پہلے سے فراہم نہ کیے گئے ہوں تو) پیش کرنا ہوگا۔

(ب) نامزد نمائندوں کے لئے:

- انفرادی حیثیت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر کو درج بالا مطلوبہ شرائط کے مطابق پروکسی فارم جمع کروانا ہوگا۔
- پروکسی فارم پر دو افراد کے بطور، گواہ دستخط کے ساتھ جمع کروایا جائے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر فارم میں درج ہوں۔
- نمائندے کو میٹنگ میں شرکت کے وقت اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔
- کاروباری ادارے کی صورت میں پروکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی اصل یا مصدقہ قرارداد/ مختارنامہ نامزد شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ (اگر پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں تو) میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو پیش کرنا ہوگا۔

(iv) سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز اور سب اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات شیئر بک ڈیٹیل رپورٹ میں دستیاب ہیں انہیں سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لئے شناخت کی غرض سے متعلقہ اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوں گے۔ ایسے اکاؤنٹ ہولڈرز/ سب اکاؤنٹ ہولڈرز کو ان کے متعلقہ شریک کے شناختی کارڈ کا نمبر اور سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر معلوم ہونا اور اپنے ساتھ لانا چاہیے۔ پروکسی کی صورت میں فرد کو اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقل لازماً منسلک کرنی چاہیئے۔ کارپوریٹ ممبر کے نمائندے کی صورت میں اس مقصد کے لئے عمومی دستاویزات لازماً ہمراہ لائیں۔

(v) ممبرز سے درخواست ہے کہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی سے بینک کے رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو فوراً آگاہ کریں۔

(vi) سالانہ مالی گوشواروں کی بذریعہ ای میل ترسیل:

سیکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی طرف سے بحوالہ SRO 787 (1) 2014 بتاریخ 08 ستمبر 2014 کے مطابق ان شیئر ہولڈرز کو، جو مستقبل میں مالی گوشوارے ڈاک کے بجائے بذریعہ ای میل وصول کرنے کے خواہشمند ہیں، مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ بینک کی ویب سائٹ یعنی www.nbp.com.pk پر موجود معیاری درخواست فارم پر اپنی باضابطہ رضامندی مع اپنا درست ای میل ایڈریس ظاہر کریں اور مذکورہ فارم کو باقاعدہ طور پر بھر کر اور دستخط کر کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/ پاسپورٹ کی نقول کے ہمراہ بینک کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کردیں۔ ازراہ کرم ذہن نشین کرلیں کہ سالانہ مالی گوشوارہ ڈاک کے بجائے بذریعہ ای میل وصول کرنا اختیاری ہے۔ اگر آپ اس سہولت سے مستفید نہیں ہونا چاہتے تو اس اطلاع کو نظر انداز کردیں۔ سالانہ مالی گوشوارہ آپ کے رجسٹرڈ پتے پر 30 مارچ 2017 کو ہونے والے اڑسٹھویں سالانہ اجلاس عام میں منظوری کے مطابق بذریعہ سی ڈی ارسال کیا جائے گا۔

(اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام کے ساتھ خصوصی کاروائی سے متعلق مادی حقائق کا بیان جو کہ سالانہ اجلاس عام میں زیر غور آئے گا ارکان کو ارسال کیا جارہا ہے)

PID(K) 3100

NBP National Bank of Pakistan

نیشنل بینک آف پاکستان

قوم کا اپنا بینک